بیت اللہ شریف یا روضہ اطہر کی تصویر والے مصلے پر پاؤں رکھنا

{فتویٰ نمبر: ۹۰،۵۳۸ }

سوال(نمبرشمار:) بعض مساجد میں ایسے مصلے ہوتے ہیں جن پر بیت اللہ شریف یا روضہ اطہر کی تصویر ہوتی ہے اس مصلے کو پاؤں کے نیچے بچھا کر نماز پڑھنا کیسا ہے ؟ وضاحت سے لکھیں .

نوٹ : ہر جواب کو زیادہ سے زیادہ دلائل سے مزین فرمائیں اور حوالہ کتب بھی ہو . سائل: محمد شاکر علی ولد حیدر علی، کورنگی کراچی

الجواب حامداً ومصلیاً

ایسے مصلے کہ جن پر بیت اللہ شریف یا روضہ مبارکہ کی شبیہ ہوں انہیں بچھا کر ان پر نماز پڑھنا درست ہے لیکن عملا مشاہد ہ ہے کہ لوگ ان مقامات مقدسہ کی شبیہ پر بے خیالی میں اور بعض اوقات جان بوجھ کر پاؤں رکھ دیتے ہیں اور ان پر بیٹھ بھی جاتے ہیں جس میں بےا دبی کا شبہ ہے اس لیے ایسے مصلوں کو نماز میں استعمال کرنے سے اگر کوئی شخص بچنا چاہے تو بہتر ہے اور اگر کوئی احتیاط سے استعمال کر سکے تو اس کی بھی گنجائش ہے .

الجواب صحیح
محمد عبدالمنان عفی
عنہ
دارالافتاء دارالعلوم
کراچی
۱۴۲۳،۲،۲۷ھ

الجواب صحیح
محمد عبداللہ عفی
عنہ
دارالافتاء دارالعلوم
کراچی
۱۴۲۳،۲،۲۷ھ

واللہ اعلم
سیف اللہ سعید
دارالافتاء
دارالعلوم کراچی
۱۴۲۳،۲،۲۷ھ

Scanned by CamScanner